تبصرے

الرشید، لاہور کا دارالعلوم دیوبند نمبر مرتبہ: مولانا عبدالرشید ارشد، تقطیع کلاں، ضخامت آٹھ سو صفحات، کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ، پتہ: جامعہ رشیدیہ ساہیوال، پاکستان۔

الرشید پاکستان کا مشہور علمی اور دینی ماہنامہ ہے اُس کا یہ خاص نمبر دارالعلوم دیوبند پر ہے۔ پاکستانی رسائل نے اپنے خاص نمبروں کے معاملہ میں جو روایت قائم کی ہے الرشید کا یہ خاص نمبر اس روایت کا بہمہ وجوہ حامل ہے، چنانچہ بڑی تقطیع پر باریک کتابت کے دو کالمی صفحات اور کاغذ وغیرہ کی سخت گرانی کے باوجود یہ نمبر بیحد ضخیم ہے اور مضامین و مقالات بھی ایک سے ایک اعلیٰ، معلومات انگیز اور بصیرت افروز ہیں، دارالعلوم دیوبند جس کی عمر اب ایک سو پندرہ برس ہوگئی اس نے اس مدت میں علوم و فنون دینیہ و اسلامیہ اور دین قیم کی علم و عمل کے مختلف شعبوں میں کیا اور کیسی خدمات انجام دی ہیں، یہاں کیسے کیسے ارباب فن اساتذہ، ارباب صلاح و تقویٰ علماء اور اصحاب معرفت و طریقت مشائخ پیدا ہوئے، کس نے کس فن میں نمایاں شہرت اور کامیابی حاصل کی، اُن کے علمی کارنامے کتنے اور کس نوعیت کے ہیں اور مدارس عربیہ انڈو پاک میں اس کی خصوصیات کیا ہیں؟ یہ اور ان سے متعلق دوسرے عنوانات و مباحث پر اس مجموعہ میں جو مقالات ہیں وہ جذباتی اور دعوتی رنگ کے نہیں، بلکہ علمی اور تاریخی اسلوب کے حامل ہیں اور یہ جس محنت و کاوش، تحقیق و جستجو اور مستند معلومات کی روشنی میں لکھے گئے ہیں ان کی وجہ سے کوئی شبہ نہیں کہ یہ خاص نمبر دارالعلوم دیوبند گزیٹر اور ایک تاریخی دستاویز کی